لہ اسم مؤنث کی یہ تعریف ظُلْمَةٌ وغیرہ (مؤنثات لفظیہ) کو شامل نہین ہے کیونکہ اُنکے مقابل مین کوئی مذکر نہین نہ ناس سے نہ حیوانات سے تو یہ مؤنث کسکا ہوگا۔ مذکر و مؤنث کی تعریف یون کرنا چاہیے۔ مؤنث وہ ہے جسمین علامات تانیث (جنکو مصنف نے آگے بیان کیا ہے) مین سے کوئی پائی جائے۔ مذکر وہ ہے جو ایسا نہ ہو تاکہ اعتراض بھی نہ پڑے اور دونون تعریفون مین تقابل بھی رہے۔ مؤنث کی دو قسمین ہین حقیقی جسکے مقابل مین کوئی جاندار مذکر ہو جیسے امرأۃ کہ اسکے مقابل مین رجل ہے لفظی جو ایسا نہو جیسے قُوَّةٌ ۱۲ سہ خواہ لفظ مین مذکر ہو جیسے ظُلْمَةٌ: یا لفظ مین مذکر نہ ہو بلکہ مقدر ہو مثلاً ارض کہ اصل مین ارضتہ تھا جیساکہ اسکی تصغیر اریضتہ دال ہے

تمرین ۴۹- دو جدولین کھینچو پہلی مین مذکر اسمونکو اور دوسری مین مؤنث اسمون کو لکھو۔

دِیکٌ	دجاجة	خَرُوفٌ	شاة	کَلْبَۃ
کَلْب	عصفور	نَعِرَۃ	ذِئب	حمار
خلیل	ادماء	سعدی	جَنَّة	یوسُفِیَّة
علیاء	فریدۃ	سعید	عبد الله	علی

تمرین ۵۰- غیر جاندار اشیار کے اسمون کو الگ کرو اور اُن کے مذکر کو ایک جدول مین اور مؤنث کو ایک جدول مین لکھو۔

مِطْرَقَة	دواۃ	قلم	کتاب	ماء
ثَعْلَب	بقرۃ	حدیدۃ	رصاص	صیّاد
تمرۃ	تفاحة	اَنْف	لیلی	خُبْز
مِسْطَرَۃ	قندیل	قُنْبُلَة	نَخْلَة	قُبَّة
مَوْجَة	شوارۃ	هِرَّۃ	قیاس	ارنبة

اُنیسوان سبق

اسم کی تقسیم جامد و مشتق کی طرف

اسم جامد کیا ہے؟

۵۰- اسم جامد[1] وہ ہی جو دوسری کلمے سے نہ نکلا ہو جیسا رَجُلٌ و عِلْمٌ[2]

[1] اسم جامد کی یہ تعریف مصدر کو بھی شامل ہی حالانکہ مصدر اُسکے مقابل ہے کیونکہ وہ بھی دوسرے کلمہ سے نہین نکلتا ہے لہذا جامد مین یہ بھی قید لگانا چاہیے کہ اور اُس سے بھی کوئی کلمہ نہ نکلے جیسے رَجُلٌ اور مثال مین عِلْمٌ[2] کا پیش کرنا بھی صحیح نہین ہے کیونکہ یہ مصدر ہے۔ ان دونون قسمونکے علاوہ ایک قسم مصدر بھی ہے۔ مصدر وہ ہے جو دوسرے سے نہ نکلا ہو اور دوسرے اُس سے نکلین ۱۲

اسم مشتق کیا ہے؟

۵۱- اسم مشتق وہ ہے جو دوسرے کلمے سے نکلا ہو جیسا عالِمٌ مَعلُومٌ کیونکہ یہ دونوں عِلم سے مشتق ہیں۔

اسم مشتق کی کتنی قسمیں ہیں؟

۵۲- اسم مشتق اسم فاعل اور اسم مفعول اور افعل تفضیل اور صفت مشبہ

بیسواں سبق

اسم کی تقسیم اسم فاعل و اسم مفعول کیطرف

اسم فاعل کیا ہے اور کیسے بنتا ہے؟

۵۳- اسم فاعل وہ صیغہ ہے جو فعل کے فاعل پر دلالت کرے اور ثلاثی سے فاعل کے وزن پر بنایا جاتا ہے۔ سامع۔ ضارب۔ اور غیر ثلاثی سے مضارع معروف کے وزن پر حرف مضارع کو میم مضموم سے بدل کر اور ماقبل آخر کو کسرہ دیکر: منصرف۔ متقدم۔

اسم مفعول کیا ہے اور کیونکر بنایا جاتا ہے۔

۵۴- اسم مفعول وہ صیغہ ہے کہ جسپر فعل واقع ہے اُسپر دلالت کرے اور وہ ثلاثی سے مفعول وزن پر آتا ہے مسموع مضروب اور غیر ثلاثی سے مضارع مجہول کے وزن پر حرف مضارع کو میم مضموم سے بدلکر۔ مکرم۔ مقدم۔

---

۵۱ خواہ دوسرے کلمے بھی اُس سے نکلیں جیسے عَلِمَ کہ یہ علمٌ سے نکلا ہے اور اس سے یَعلَمُ نکلتا ہے جیسے عالِمٌ کہ یہ یَعلَمُ سے نکلا ہے اور اس سے کوئی نہیں نکلتا۔

تمرین ۵۱ افعال ذیل سے اسم فاعل و اسم مفعول بناؤ۔

صَنَعَ عَلِمَ سَمِعَ شَرِبَ مَنَعَ
ذَكَرَ مَضَغَ حَلَبَ دَفَعَ جَمَعَ
خَرَمَ عَمِلَ فَتَحَ فَهِمَ كَتَبَ

تمرین ۵۲۔ افعال ذیل مشتق کس فعل سے ہیں؟

مَخْبُوْزٌ مَلْطُوْم ذاهب مامور سالم
موفوع راحم مملوع مانع ساقط
مذموم ماكول جالسٌ محمول حاضر

اکیسواں سبق

افعل تفضیل و صفت مشبہ کے بیان میں

افعل تفضیل کیا ہے؟

۵۵ افعل تفضیل[ا] وہ صیغہ ہے جس سے کسی شئے کی صفت دوسری شئے سے زیادہ بیان کی جائے یُوْسُفُ اَكْبَرُ مِنْ اِبْرَاهِيْمَ۔

افعل تفضیل کس سے بنتا ہے؟

۵۶۔ افعل تفضیل صرف ثلاثی سے بنتا ہے اور اسکا[۲] وزن اَفْعَلُ ہے جیسا۔ اَكْرَمُ و اَصْغَرُ۔

صفت مشبہ کیا ہے؟

[ا] جاننا چاہیے کہ افعل التفضیل کا استعمال تین طریقوں سے ہوتا ہے مِنْ کے ساتھ جیسے زید افضل من عمرو اضافت کے ساتھ جیسے زید افضل القوم الف لام کے ساتھ جیسے جاء بشیٔ زید الافضل ۱۲ [۲] یعنی مذکر سے اور مؤنث سے فعلیٰ کے وزن پر اور کبھی برخلاف قیاس فَعْلٌ کے وزن پر بھی آتا ہے جیسے خَيْرٌ و شَرٌّ ۱۲

۵۷۔ صفت مشبہ وہ صیغہ ہے جو بنتا ہے فعل لازم سے اور دلالت کرتا ہے کسی ثابت حالت پر اسکے اوزان بہت ہیں جیسا اَسْوَدُ عَطْشَان ظریف ضخم بطل۔

تمرین ۵۳۔ ایک خط افعل تفضیل کے نیچے کھینچو اور دو خط صفت مشبہ کے نیچے:۔

اسود العینین اخوك اعرج واخوه اَصْلَحُ العلم اَفْيَدُ شئ عاش اَحْسَنُ رفقائك ادباً۔ الحدید معدنٌ صلبٌ والرصاص والقصدیر معدنان لیّنان ۔ اللون الابیض اقل تشربًا للحرارة من سائر الالوان المریض لا یسرّه شئ ۔ الشاب فرحٌ نشیط والشیخ حزین متفکر۔ انا عطشان وانت ریّان۔ وهو اشجع الجنود وهی عفیفة۔

بائیسواں سبق

اسم کی تقسیم نکرہ اور معرفہ کی طرف

نکرہ کیا ہے؟

۵۸۔ نکرہ وہ ہے جو شئے معیّن پر دلالت نہیں کرتا ہے۔ قلم۔ انسان

معرفہ کیا ہے؟

۵۹۔ المعرفة هی ما یدلّ علی معیّن۔

ل۵ اوزان صفت مشبہ فَعْلٌ صَعْبٌ فِعْلٌ صِفْرٌ فُعْلٌ حُلْوٌ فَعَلٌ حَسَنٌ فِعِلٌ اِبِدٌ فُعُلٌ جُنُبٌ فَعِلٌ فَرِحٌ فَعُلٌ نَدُسٌ فِعَلٌ بِلَغٌ فَعِيلٌ سَلِيمٌ فَيْعِلٌ سَيِّدٌ اَفْعَلُ اَسْوَدُ فَعْلَانُ رَحْمَانُ فُعْلَانُ عُرْيَانٌ فَعَلَانٌ حَيَوَانٌ فَعَالٌ جَوَادٌ فِعَالٌ هِجَانٌ فُعَالٌ شُجَاعٌ ۱۲

اسم معرفہ وہ ہے جو شئے معیّن پر دلالت کرے، ھذا القلم۔

معرفہ کی کتنی قسم ہیں؟

۶۰ معرفہ کی اقسام[1] ضمیر۔ علَم۔ اسم اشارہ۔ موصول معرف بہ ال مضاف کسی معرفہ کی طرف۔

تمرین ۴۴-۴۵ سوالات ذیل کے جواب لکھو واضح خط سے۔

اسم مفرد، مثنی، جمع کیا ہیں؟ اسم مذکر مؤنث کیا ہیں؟ تانیث کی پہچان کیا ہے؟

تئیسواں سبق

ضمیر کا بیان

ضمیر کیا ہے؟

۶۱ ضمیر وہ لفظ ہے۔ جو متکلم یا حاضر یا غائب پر دلالت کرے انا انت ہو ضمیر کی دو قسم ہیں بارز و مستتر ضمیر بارز وہ ہے جسکی صورت لفظ میں ہو جیسا۔ قُمْتُ وذَهَبْتُ ضمیر مستتر وہ ہے جس کی صورت لفظ میں نہ ہو جیسا قُمْ میں ضمیر مقدر ہے

ضمیر بارز کی کتنی قسم ہیں؟

۶۲ ضمیر بارز کی دو قسمیں ہیں منفصل متصل۔

ضمیر منفصل کے لفظوں کو گن جاؤ۔

۶۳ ضمیر منفصل دو قسموں پر ہے پہلی مخصوص ہے رفع کے ساتھ اور وہ چودہ ہیں۔ هُوَ هُمَا هُمْ۔ هِيَ هُمَا هُنَّ۔ اَنْتَ اَنْتُمَا اَنْتُمْ اَنْتِ اَنْتُمَا اَنْتُنَّ۔ اَنَا نَحْنُ۔

---

[1] معرفہ کی سات قسمیں ہیں جنمیں سے صرف چھ کا ذکر مصنف نے کیا ہے ایک (معرفہ بندا) کو نہ معلوم مصنف نے کیوں چھوڑ دیا شاید کاتب کی غلطی سے رہ گیا ہو ۱۲

اور دوسری نصب کے ساتھ مخصوص ہو وہ بھی چودہ ہیں - اِیَّاہُ اِیَّاہُمَا اِیَّاہُمْ - اِیَّاہَا اِیَّاہُمَا اِیَّاہُنَّ - اِیَّاکَ اِیَّاکُمَا اِیَّاکُمْ - اِیَّاکِ اِیَّاکُمَا اِیَّاکُنَّ - اِیَّایَ اِیَّانَا -

ضمیر متصل کے لفظوں کو بتاؤ -

۴۱ ضمیر متصل کی قسمیں تین ہیں پہلی رفع کے ساتھ مخصوص ہے اور وہ پانچ ہیں

التاءُ والالِفُ والواوُ والنونُ والیاءُ -

قُمْتُ - قَامَا - قَامُوْا - قُمْنَ - قُوْمِیْ -

دوسری نصب و جر کے اندر مشترک ہے اور وہ تین ہیں یاء المتکلم و کاف الخطاب وہاء الغیبۃ: رَبِّیْ اَکْرَمَنِیْ - وَدَّعَاکَ صَدِیقُکَ - کَتَبَ اِلَی ابْنِہٖ یَلُوْمُہٗ

تیسری رفع و نصب و جر میں مشترک ہے اور وہ نا ہے رَبَّنَا اِنَّنَا سَمِعْنَا

تمرین ۵۵ رفع کی منفصل ضمیروں کو ترتیب لکھو اور ہر ضمیر کے پہلے ایک فعل کو رکھو -

قام ھو - قام ھما - جلس ھم - جلست ھی ... الخ

تمرین ۵۶ - پھر رفع کی منفصل ضمیروں کو لکھو ہر ایک کے بعد ایک فعل اُن کے موافق لاؤ: ھو قام - ھما سافرا - ھم مشوا ... الخ

---

۵۱ چونکہ بہت سی ضمیریں اس طور پر تحریر کرنے سے چھوٹ گئی ہیں لہذا اسلہ دار جس طور پر کہ منفصل کی ضمیریں تحریر ہیں ذیل میں مرفوع متصل کی ضمیریں درج کی جاتی ہیں - ضَرَبْتُ ضَرَبْنَا ضَرَبْتَ ضَرَبْتُمَا ضَرَبْتُمْ ضَرَبْتِ ضَرَبْتُمَا ضَرَبْتُنَّ ضَرَبَ ضَرَبَا ضَرَبُوْا ضَرَبَتْ ضَرَبَتَا ضَرَبْنَ ۱۲ ۵۲ ضمائر منصوب متصل ضَرَبَنِیْ ضَرَبَنَا ضَرَبَکَ ضَرَبَکُمَا ضَرَبَکُمْ ضَرَبَکِ ضَرَبَکُمَا ضَرَبَکُنَّ ضَرَبَہٗ ضَرَبَہُمَا ضَرَبَہُمْ ضَرَبَہَا ضَرَبَہُمَا ضَرَبَہُنَّ - ضمائر مجرور متصل لی - لنا - لک - لکما - لکم - لک - لکما - لکن - لہ - لہما - لہم - لہا - لہما - لہن ۱۲

تمرین - ۵۷ نصب کی ہر ضمیر کے بعد بترتیب ایک ایک فعل متعدی کو لاؤ۔
اِیَّاكَ اُرِیدُ۔ اِیَّاهَا ضَرَبتُ ... الخ

تمرین ۵۸ - کلمات ذیل میں رفع کی متصل ضمیروں کو بتاؤ:
اِشْتَرَیَا یَبِیْعَانِ سَقَوْا سَافَرْتَا یَجْتَهِدَانِ
یُشَاهِدْنَ یُشَاهِدَانَ شَاهَدْنَ شَرِبْتُمَا تَشْرِبْنَ
تَشْرَبِیْنَ شَرِبْتُ اِشْرَبِیْ اِمْسِکَا اِمْسِکُوْا
مَلَئْنَ اَمُدُّنَ مُسِدِّیْ تَفَضَّلُوْا

تمرین ۵۹ - فعل اکرم کے ماضی و مضارع کو رفع و نصب کی ضمیروں کے ساتھ گردان کرو اسطرح سے
اَکْرَمْتُكَ اَکْرَمْتُکُمَا۔ الخ۔

چوبیسواں سبق

عَلَم و اسم اشارہ و اسم موصول

عَلَم کیا ہے؟

۶۵ عَلَم وہ ہے جو بہ تعیین کسی شخص - یا حیوان یا شئے پر دلالت کرے جیسا
ابراهیم - عَلَم رَجُلٍ - مَسکَة عَلَم کَلْبَةٍ - دِجْلَة عَلَم نَهْرٍ

اسم اشارہ کیا ہے؟

۶۶ - اشارہ حسی سے جو کسی معین پر دلالت کرے اُسے اسم اشارہ کہتے ہیں اور اُسکے الفاظ یہ ہیں ذا: ذانِ
ذَیْنِ: ذِهِ تَانِ - تَیْنِ - اُولَاءِ اور اکثر ہا سے تنبیہ اُن میں ملتی ہے پس یوں کہا جاتا ہے: هٰذَا هٰذَانِ

[1] کل الفاظ اسم اشارہ کے سولہ ہیں جنمیں سے صرف سات کو مصنف نے ذکر کیا ہے باقی چھ یہ ہیں تَا - تِیْ - تِهٖ - ذِهِیْ - تِهِیْ - اُولٰی - کبھی انکے آخر میں کاف خطاب بڑھا دیتے ہیں تو استعمال اسطرح پر ہوتا ہے - ذَاكَ - ذَانِكَ - ذَیْنِكَ - تَاكَ الخ ۱۲

هٰذين. هٰذه. هاتان. هاتين. هٰؤلاءِ۔

اسم موصول کیا ہے؟

۶۷۔ اسم موصول وہ ہے جو کسی شئی معین پر دلالت کرے ایک جملہ کو ذریعہ جسے جو اسکے بعد آتا ہے الفاظ اسکے[1] اَلَّذِی۔ اَللَّذَانِ۔ اَللَّذَيْنِ۔ اَلَّذِيْنَ۔ اَلَّتِي۔ اَللَّتَانِ۔ اَللَّتَيْنِ۔ اَللَّوَاتِي۔ ہیں۔

تمرین ۶۰۔ تین جدولیں بناؤ پہلی میں اشخاص کے علم۔ دوسری میں حیوانات کے علم تیسری میں اشیاء کے علم لکھو۔

		رعد	آدم
فرنسہ	هابيل	عُمَر	عبد الخالق	مصر
المنصورة	لمنطا	وردة	الشام	السُّوَيْس
طرابلس	مريم	بارود	الشمّاء	الريح

تمرین ۶۱۔ اسمائے ذیل کے پہلے مناسب اسم اشارہ لاؤ:

الكرسي — الحمامة — الخروف — الثورين — المريضتان

المريضتين — الاسماك — الابواب — إصبعانِ — خبّازينِ

كاتبانِ — التلميذين — طالبتان — تلاميذ — الرجال

تمرین ۶۲۔ اسمائے موصول کو ترتیب لکھو اور ہر لفظ کے بعد مناسب جملہ لاؤ۔

تمرین ۶۳۔ جمل ذیل کے قبل اسم موصول کے ساتھ اسم اشارہ لاؤ۔

---

[1] کل الفاظ اسم موصول کے ۱۴ ہیں مصنف نے منجملہ اُنکے آٹھ کو بیان کیا ہے باقی چھ یہ ہیں اللاتی، ما۔ مَن۔ اَيّة۔ اَيّ۔ الف ولام بمعنی الذی جیسے الضارب یعنی الذی ضرب جاننا چاہیے کہ یہ الف لام خاص ہے اسم فاعل اور اسم مفعول کے ساتھ اور بنی طے ذو بمعنے الذی کو اسم موصول میں داخل مانتے ہیں جیسے جاءنی ذو ضربک الی جاءنی الذی ضربک ۱۲

اس طرح ہے: ھذا الذی علّم اولادکم ... الخ

علّم اولادکم خیّاطت الاثواب۔ یبشّون فی وجہ الضّیف۔ یکرمن الزائر۔ تجیئان کلّ سنۃ من مصر لزیادۃ الاھل۔ ھم الطلبۃ المجتھدون۔ ھن الممدوحات لفضیلتھن

پچیسواں سبق

معرف بہ الؔ اور مضاف بہ معرفہ

معرفہ بہ الؔ کیا ہے؟

۴۸۔ جس اسم پر الؔ داخل ہو کر اُسے معیّن کردے اُسکو معرف بہ الؔ[1] کہتے ہیں: اَلسَّیفُ، اَلقلم۔ تلوار ۱۲

مضاف بہ معرفہ کیا ہے؟

۴۹۔ معرفوں میں سے کسی معرفہ کی طرف جو اسم منسوب ہو اُسے مضاف بہ معرفہ کہتے ہیں۔ کتابی۔ کتابُ ابراھیمَ۔ کتابُ ھٰذا۔ کتابُ الذی رافقنا۔ کتابُ المعلّم۔

تمرین ۔ ۴۲۔ ایک جدول کھینچکر اُس میں نکروں کو اور دوسری میں معرفہ کی قسموں کو لکھو۔

کان الرشیدُ یتواضع للعلماء ھذا الذی کُنّا نتخوّف منہ اوصّلُ من الکریمِ احساناً۔ من ھو التلمیذُ الفھیمُ الذی یستطیع حل ھذا التمرین بلا غلطٍ؟ امید دار شدن ۱۲

---

[1] اور اس الف لام کو الف لام تعریف کہتے ہیں ۱۲

دخلتُ المدینۃ لیلاً   کرمُ الغنی کیستُو عیُوب

تمرین - ٦٥ - اشخاص کے نامون سے دنل نکرہ اور اسماے حیوانات مین سے دنل اورچیزون کے نامون مین سے دنل بیان کرو۔

اس طرح سے :- نجّار ۔ فار ۔ عجلۃ ... الخ

چھبیسوان سبق

اسم کی تقسیم معرب ومبنی کی طرف

اسم جب ترکیب مین آتا ہے کیا ایک ہی حالت پر رہتا ہے؟

جے ۔ اسم ترکیب مقید مین آکر اپنی ہر قسم مین ایک حال پر نہین رہتا ہے بلکہ فعل کی طرح بعض کا آخر ایک حال پر رہتا ہے اور وہ مبنی[۱] کہلاتا ہے اور بعض کا نہین اور وہ معرب کہلاتا ہے۔

اسماے مبنی کتنے ہین؟

ا ے ۔ اسماے[۲] مبنی محدود الفاظ ہین سب سے مشہور ضمیرین ہین اور اسماے اشارہ واسماے موصول واسماے[۳] شرط۔

---

[۱] اور اگر ترکیب مین نہ آئے تو بھی وہ مبنی ہی جیسے الفاظ معدودہ الف با تا زہ عمرو بکر وغیرہ ۱۲

[۲] انکے علاوہ اسمار افعال بمعنی امر رُوَیدَ بَلْہَ حَیَّ ھَلُمَّ بمعنی ماضی ھیھات ۔ شتّان اسماء اصوات اح اح ۔ اف ۔ بخ بخ ۔ غاق ۔ ظروف زمان اذ ۔ اذا ۔ کیف متٰی ۔ ایّان ۔ امس ۔ مُذ ۔ مُنذُ ۔ قطُّ ۔ عوضُ ۔ قبلُ ۔ بعدُ بشرطیکہ مضاف الیہ محذوف منوی ہو ۔ ظروف مکان حیث قُدّام ۔ تحتُ ۔ فوق بشرط مذکور ۱۲ منہ

[۳] اسماے شرط کا بیان پندرھوین سبق مین جوازم فعل مضارع کی قسم ثانی مین گذرا ۱۲

و اسمائے استفہام اور مرکب عددی۔[۱]

بناء اسم کی چار قسمیں ہیں۔ ضم۔ فتح۔ کسر۔ سکون۔ جیسا۔ حیثُ۔ کیفَ۔ اَمسِ۔ مَنْ۔

۴۔ کل اسم معرب ہیں مگر چند قلیل الفاظ ان میں سے جو مشہور ہیں اوپر گن دیے گئے۔ معرب کے اعراب کی تین قسمیں ہیں۔ رفع نصب جر جنکے لیے مواضع مخصوص ہیں کہ بغیر ان جگہوں کے واقع نہیں ہوتے ہیں۔

تمرین۔ ۶۶۔ دو جدولیں بناؤ پہلی ان اسما کے لیے جو مبنی ہیں اور دوسری معرب اسموں کے لیے۔

هٰذا هو الكتابُ الذی نطالِعه. اِن التلميذين اللذين جاورانا كان من الناجحين. مَنْ يجتَهِدْ لا يندَمْ كيف حالُكَ والحوادِث. قرأتُ الدرس الحادى عشرَ مَنْ أنتَ؟. ما تُرِيدُ؟ متى جِئتَ؟ أينَ تذهبُ؟ إذا أنتُم أمرتُم أطعنا كيفما تتوجَّهْ تُصادِفْ خيرًا۔

تمرین ۶۷۔ سوالات ذیل کے جواب لکھو۔

هل يبقى الفعل على حالةٍ واحدة عند دخوله فى التركيب؟ اىُّ هو المبنى من الافعال؟. المعرب منها؟ ما هى علامة رفع الفعل؟. علامة نصبه؟. علامة جزمه؟۔

---

[۱] اسمائے استفہام:- مَنْ . مَا . مَتٰى . اَيَّانَ . اَيْنَ . كَيْفَ . اَنّٰى . كَمْ . ہیں اور مرکب عددی عشر سے تسعۃ عشر تک بجز اثنا عشر اور اثنتا عشر کے ۱۲

ستائیسوان سبق

رفع اسم کے محل جو چھے ہین

رفع اسم کی علامت کیا ہے؟

۴۳۔ رفع اسم کی اصلی علامت ضمہ ہے اور مثنیٰ مین الف ہے ضمہ کے بدلے اور جمع سالم مذکر اور پانچ اسمون مین واو وہ پانچ اسم یہ ہین۔ اب۔ اخ۔ حم۔ فو۔ ذو۔

اسم پر کتنی جگہ رفع ہوا کرتا ہے؟

۴۴۔ چھہ جگہ اسم پر رفع ہوتا ہے جب وہ فاعل ہو یا قائم مقام فاعل یا مبتدا یا خبر یا کان اور اخوات کان کا اسم یا اِنّ اور اخوات اِنّ کی خبر ہو۔

تمرین۔ ۴۸ اسمائے ذیل کو حالت نصبی سے حالت رفعی مین لاؤ۔

مَشْهُوْدِیْنَ	كِتَابَیْنِ	كَلِمَاتٍ	رِجَالًا	اَبَاءً
فَتَاةً	ذَا صِدْقٍ	اَخَاهُمَا	اَبَاهُ	زَائِرَاتٍ
قَادِرِیْنَ	عَالِمَیْنِ	عَالِمِیْنَ	حَمَاكَ	اَفْوَاهًا

اٹھائیسوان سبق

فاعل اور نائب فاعل مین

---

۵۱ انکے علاوہ بھی دو جگھون مین اسم کو رفع ہوتا ہے جب وہ خبر ہو لانفی جنس کی جب وہ اسم ہو ما و لا مشبہتین بلیس کی ۱۲ ۵۲ یعنی مفعول مالم یسم فاعلہ ہو ۱۲

فاعل کہنے سے کیا سمجھتے ہو؟

۷۵ - فاعل وہ اسم ہے جو فعل معروف کے بعد آوے اور جس نے کیا ہے اُسپر دلالت کرے۔ لعب الولد میں کلمۂ ولد فاعل ہے کیونکہ وہ فعل معروف کے بعد واقع ہوا ہے اور وہ جس نے کھیلا ہے اُسپر دلالت کرتا ہے۔

فعل فاعل اور نائب فاعل مؤنث کے ساتھ مؤنث آتا ہے اور فاعل مثنیٰ اور مجموع کے ساتھ مفرد آتا ہے جیسے فاعل مفرد کے ساتھ۔

نائب فاعل سے کیا مراد لیتے ہو؟

۷۶ - نائب فاعل وہ اسم ہے جو فعل مجہول کے بعد آوے اور جس پر فعل واقع ہو اُسپر دلالت کرے۔ جیسا سُرِقَتْ ساعةٌ میں کلمۂ ساعة نائب فاعل ہے کیونکہ وہ فعل مجہول کے بعد آیا ہے اور جس پر سرقہ واقع ہے اُسپر دلالت کرتا ہے خلاصہ یہ کہ فاعل وہ ہے جو کرتا ہے اور نائب فاعل وہ جسپر فعل[1] واقع ہوتا ہے۔

تمرین ۱۹ عبارت ذیل میں فاعل بتاؤ؟

عند ما یحلّ الصّیفُ یذهبُ اهلُ الیسارِ من سکّان السواحل الی الجبال فلا یبقی فی المدنِ غیرُ من لا تساعده الحال علی الانتقال وفی اوسط الخریف یعودون الی منازلهم اذ یکون قد ترطّب الجوُّ وحلَتِ الاقامةُ

[1] بشرطیکہ فعل مجہول کے بعد ہوتا کہ مفعول خارج ہو جاوے کیونکہ مفعول پر بھی فعل واقع ہوتا ہے مگر یہ کہ وہ فعل معروف کے بعد واقع ہوتا ہے ۱۲

يُورِقُ الشَّجَرُ فی أیام الربیع وتکتسی الطبیعۃ بزینتہا لاینتفع الفلاحون من زراعتہم الا اذا اصلحوا الارض وأرووھا بالماء۔

تمرین ۷۰۔ عبارات ذیل میں نائب فاعل بتاؤ۔

یُزرع الباذنجان فی السواحل فی الربیع ویقطف ثمرہ فی اوائل الصیف۔ یؤکل السمک مسلوقًا ومشویًا ومقلیًا۔ فطر الانسان علی الطمع۔ نصر المجاھدون۔ خذل الاعداءُ

تمرین ۷۱۔ فاعل کو نائب فاعل سے فرق کرو اور فعل مجہول کو معروف بناؤ۔

یَنصبُّ الولدُ المجتھدُ علی دروسہ حتی لاتضیعَ علیہ فائدۃ یُحبُّ سماعُ الصَّوتِ الرَّخیمِ لانَّہ یُطرِبُ الاُذنَ یرتفعُ رأسُ السُّنبلۃِ اذا کان فارغًا وینحنی وھو ملآنٌ من الحبِّ تتقوّی الصِّحّۃُ بالتنزُّہ حینًا بعد آخر۔ ان الطَّعامَ الحسنَ الطَّبخِ یتناولہ الانسان بلذَّۃٍ وتھضِمُہُ المعدۃُ بسھولۃ بعکس الطعام الذی لم یُحسَن طبخہ۔

اٹھتیسواں سبق

مبتدا اور خبر

مبتدا اور خبر سے کیا مراد ہے؟

۲۷۔ مبتدا اور خبر دو اسم ہیں کہ مفید جملہ اُن سے بنتا ہے۔

مبتدا اور خبر سے جو جملہ بنتا ہے وہ جملۂ اسمیہ کہلاتا ہے۔ اور فعل وفاعل یا نائب فاعل سے جو بنتا ہے وہ جملۂ فعلیہ کہلاتا ہے۔

تمرین ۴۷۔ بتدا کو خبر سے فرق کرو:۔

الباب مفتوحٌ۔ ترکیب الانسانِ عجیبٌ۔ العقل نورٌ۔ الولدُ المھذب محبوب۔ التجارۃ کاسدۃٌ۔ الثعلبُ حیوانٌ محتالٌ۔ الثمرُ مفترسٌ۔ النظافۃُ ضروریۃٌ

تمرین۔ ۴۳۔ چھوٹے جملے بناؤ جنمین الفاظ ذیل مبتدا واقع ہون:۔

اَللّٰہُ اَلشَّمْسُ اَلْقَمَرُ الولدان المعلّمون

البنات الالعاب المدارسُ الحَرُّ اَلْبَرْد

تمرین ۴۴۔ چند چھوٹے جملے جوڑو جن کی خبر الفاظ زیرین ہون:۔

حُلْوٌ اَمِیْنٌ غَدَّارَۃٌ مُفِیْدَۃٌ مَشْھُوْدُوْنَ

عالمانِ مُسْتَفِیْدَانِ قَرِیْبٌ بَعِیْدٌ

تیسوان سبق

اسم کان اور خبر انّ مین

کان کیا ہے؟

۵۷۔ کان ایک فعل ہے جو مبتدا وخبر پر واقع ہوکر اول کو رفع دیتا ہی اور وہ اسم کان کہلاتا ہی اور ثانی کو نصب دیتا ہے اور وہ خبر کان کہلاتا ہے۔

۵ا۔ اور اس فعل کو ناقص کہتے ہین کیونکہ اسکے فاعل ومفعول اصل مین مبتدا وخبر ہوتے ہین جیسے کان زید قائمًا کہ اسکے فاعل ومفعول کا مجموعہ جملہ اسمیہ ہے یعنے زیدٌ قائمٌ برخلاف افعال صحیحہ کے کہ اُنمین ایسا نہین ہے مثلاً ضَرَبَ زیدٌ عمرًا کہ زید وعمرو کو ملاکر جملہ اسمیہ نہین بنتا کیونکہ زیدٌ عمرٌو بولنا صحیح نہین ہے ۱۲

كَانَ الْبَرْدُ قَارِسًا - يَكُوْنُ الْجَوُّ مَاطِرًا -

اور مثل کانَ کے ہے - اَصْبَحَ وَاَضْحٰی وَظَلَّ وَبَاتَ وَاَمْسٰی وَمَا زَالَ وَمَا بَرِحَ وَمَا انْفَكَّ وَمَا فَتِیَ وَدَامَ وَصَارَ وَلَیْسَ اور انکو اخوات کانَ کہتے ہیں -

اِنَّ کیا ہے؟

۷۹ - اِنَّ ایک حرف ہے جو مبتدا اور خبر پر آکر اول کو نصب دیتا ہے اور وہ اسم اِنَّ کہلاتا ہے اور ثانی کو رفع دیتا ہے اور وہ خبر اِنَّ کہلاتا ہے -

اِنَّ الْبَرْدَ قَارِسٌ -

اور اِنَّ کے مانند اَنَّ وَكَاَنَّ وَلٰكِنَّ وَلَيْتَ وَلَعَلَّ ہیں اور انکو اخوات اِنَّ کہتے ہیں -

تمرین ۵۷ - جمل ذیل پر کانَ اور اُسکے اخوات کو یکے بعد دیگرے لاؤ اور اواخر کلمات میں حرکات دو :-

اَلْجَوُّ مُعْتَدِلٌ . اَلْمُوَاصِلَاتُ قَرِيْبَةٌ . اَلْحَاسِدُ مَغْمُوْمٌ . اَلْقَانِعُ شَاكِرٌ . اَلسَّعْرُ رَخِيْصٌ . اَلْحَقُّ مُنْتَصِرٌ . اَلْحَرْبُ نَاشِبَةٌ . اَلنَّاسُ مُخْتَلِفُوْنَ . اَلْكَرِيْمُ مَحْبُوْبٌ . اَلْبَخِيْلُ مَمْقُوْتٌ . اَلصُّلْحُ قَرِيْبٌ . اَلنَّاسُ مُتَسَاوُوْنَ -

تمرین ۷۶ - امثلہ ذیل پر اِنَّ اور اخوات اِنَّ کو لاؤ -

الزِّيَادَةُ عَيْبٌ . النَّقْصُ عَجْزٌ . المُعَلِّمُوْنَ والمتعلّمون شُرَكَاءُ فِی الْخَيْرِ . اَرْضُ مِصْرَ مُخْصِبَةٌ . الفواكه طَيِّبَةٌ . الغَائِبُ قَادِمٌ -

---

ا۵ انکے علاوہ چار افعال ناقصہ اور بھی ہیں اور وہ یہ ہیں ۔ عَادَ - اٰضَ - غَدَا - رَاحَ ۱۲

تمرین ۔ ۷۷ ۔ جمل ذیل مین مرفوعات کو اُنکے اقسام کے ساتھ بتاؤ:۔

ایطالیۃُ شبہ جزیرۃ القسطنطینیۃ عاصمۃ السلطنۃ العثمانیۃ، بیروتُ مدینۃٌ تجاریۃٌ اِقتبسَ الرومانیون اُصولَ التمدّنِ من الیونانیین۔ اُنشِئَت المطبعۃُ فی اَوَاسطِ القرنِ السادسَ عشرَ۔ ظهرَت البیّناتُ۔ ینبغی ان یکون الانسانُ سخیا دون ان یبلغ التبذیرَ۔ لیت الایّامَ السالفۃ راجعۃٌ

دار السلطنت[۱۲]

اکتیسوان سبق

مواضع نصب اسم مین جو گیارہ ہین۔

نصب اسم کی پہچان کیا ہے؟

۸۰۔ نصب اسم کی علامت فتحہ ہے اور اسماے پنجگانہ مین الف فتحہ کے بدلے اور جمع سالم مؤنث مین کسرہ اور مثنّٰی جمع سالم مین یاء۔

اسم مین کتنی جگہ نصب آتا ہے؟

۸۱۔ اسم گیارہ[۱] جگہ منصوب ہوتا ہی مفعول بہ یا مفعول مطلق یا مفعول لہ یا مفعول فیہ یا مفعول معہ یا مستثنٰی یا حال یا تمیز یا منادٰی[۲] یا کان کی خبر یا اِنَّ کے اسم ہونے سے منصوب ہوتا ہے۔

تمرین ۷۸ ۔ اسماے ذیل کو حالت رفعی سے حالت نصبی مین لاؤ:۔

---

[۱] منصوب بلاء نفی جنس و خبر ما و لا بھی منصوبات مین سے ہین ۱۲ [۲] مفعول بہ کے تحت مین منادٰی داخل ہے لہٰذا مصنف کو یا تو منادٰی کو بھی نہ ذکر کرنا چاہیے تھا اگر منادٰی کو ذکر کیا تھا تو اضمر عاملہ علی شریطۃ التفسیر اور تحذیر کو بھی ذکر کرنا چاہیے تھا۔

ابوالطّیبِ ۔ اخو المکارم ۔ الشاھدانِ ۔ متقاتلاتٌ
بناتٌ ۔ ذاھبونَ ۔ عَلِیٌّ ۔ نخلۃٌ ۔ اسماعیلُ ۔ حَمُوکَ
ذو مالٍ ۔ قلمُہٗ ۔ موضعٌ ۔ حاضِرُون ۔ مسافِرانِ ۔

بتیسواں سبق

مفعول بہ اور مفعول مطلق

مفعول بہ کیا ہے؟

۸۲۔ مفعول وہ اسم ہے کہ جس پر فعل فاعل کا واقع ہوا ہو دلالت کرے اور اُسکی وجہ سے فعل کی صورت نہ بدلے بَرَی التلمیذ قلمًا مین قلمًا مفعول بہ ہے کیونکہ تلمیذ سے فعل بَرَیٰ اُسپر واقع ہوا ہے اور اسکی وجہ سے فعل کی صورت بدلی نہین اگر فعل کی صورت بدل جائے تو اسم نائب فاعل کہلاتا ہے اور اسمین رفع ضرور ہوتا ہے۔

مفعول مطلق کیا ہے؟

۸۳۔ مفعول مطلق وہ اسم ہے کہ فعل کے بعد اُس کی تاکید کو یا اُس کے نوع یا عدد کے بیان کے لیے مذکور ہو قَتَلَ الحَارِسُ اللِّصَّ قَتْلًا۔ اِصْبِرْ صَبْرًا جَمِیْلًا۔ دَقَّتِ السَّاعَۃُ دَقَّتَیْنِ۔

تمرین ۷۹۔ بتاؤ جمل ذیل مین مفعول بہ اور مفعول مطلق کہاں ہے؟

لہ اگر تعریف اس طرح پر کرتا تو مختصر ہوتی۔ مفعول بہ وہ اسم منصوب ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو۔ منصوب کی قید لگا دینے سے (اور اوسکی وجہ سے فعل کی صورت نہ بدلے) اس قید کی ضرورت نہین رہی کیونکہ یہ قید نائب فاعل کے خارج کرنے کے لیے تھی اور جب منصوب کی قید لگا دی تو نائب فاعل نکل گیا کیونکہ وہ مرفوع ہوتا ہے ۱۲ ۔ ۵لہ مفعول مطلق کبھی مصدر ہوا کرتا ہے اپنے فعل کا جیسے ضَرَبْتُہٗ ضَرْبًا اور کبھی نہین جیسے قَعَدْتُ جُلُوْسًا ۱۲

يطلب العاقل العلم. يأكل الذئب الغنم. اضرب ولدك ضربًا اذا اردت تاديبه. كرّم المعلّم تكريمًا. ارشد الانبياء الناس ارشادًا. حفظت الدرس حفظًا

تمرین ۔ چند چھوٹے جملے فعل و فاعل سے جوڑ کر ان دونوں کے بعد الفاظ ذیل مفعول بہ واقع ہوں۔

عنبًا القنديلَ الدواةَ قلمًا باب الدار

غرفةَ الاستاذ مفتاحًا فاكهةً

تینتیسواں سبق

مفعول لہ اور مفعول فیہ میں

مفعول لہ کیا ہے؟

۴۔ مفعول لہ[1] وہ اسم ہے کہ فعل کے بعد آوے اور اسکے سبب کو بیان کرے۔

وقف الجندُ اجلالًا للامير۔

لفظ اجلالًا مفعول لہ ہے کیونکہ وہ فوج کے کھڑے ہونے کے سبب کو بیان کرتا ہے

مفعول لہ کی علامت یہ ہے کہ جب کوئی فعل کا سبب پوچھے تو وہ جواب ہو سکے

مفعول فیہ کیا ہے؟

۵۔ مفعول فیہ[2] وہ اسم ہے کہ فعل کا زمان یا مکان بیان کرنے کو مذکور ہو۔

حفظتُ الكتابَ صباحًا امامَ المعلّم

---

[1] مفعول لہ زجاج کے نزدیک کوئی چیز نہیں ہے بلکہ وہ ایسا مفعول مطلق ہے جو اپنے فعل کا مصدر نہیں پس تاویل وقف الجند اجلالًا للامیر کی اجلّ الجند بوقوفہ اجلالًا للامیر ہے ۱۲

[2] جاننا چاہیے کہ تمام ظروف زمان مفعول فیہ واقع ہو سکتے ہیں لیکن ظروف مکان میں سے صرف وہی مفعول فیہ ہو سکتے ہیں جو مبہم ہیں یعنے جہات ستہ اور عند و لدی اور انکے علاوہ مفعول فیہ ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتے ہیں ۱۲

صباحاً ذمان حفظ کو اور آنا م مکان حفظ کو بیان کرتے ہین اور پہلا ظرف زمان کہلاتا ہے اور دوسرا ظرف مکان اور دونوں کو مفعول فیہ کہتے ہین۔ کل اسماے زمان ظرف بنکر منصوب ہو سکتے ہین جیسے سافرت شہراً ویوماً وساعۃً اور اسماے مکان مین سے فقط مبہمات مثلاً جہات اور مقدارون کے نام جیسے۔ اِلتفتُّ یَمِیْنًا اور سارَ فَرْسَخًا۔

تمرین ۱۸۱ - عباراتِ ذیل مین مفعول لہ اور مفعول فیہ کہان کہان ہین بتاؤ؟

مَنعَنِیْ اَبِیْ مِنَ السَّفَرِ لَیْلًا خَوْفًا عَلَیَّ یَصُوْمُوْنَ اِتِّقَاءً وَیَصْنَعُوْنَ الصَّدَقَاتِ مَرْضَاۃً لِلّٰہِ۔ قَسَّمَ الْوَالِدُ اَمْلَاکَہٗ بَیْنَ اَوْلَادِہٖ مُدَّۃَ حَیَاتِہٖ تَجَنُّبًا لِلْخِلَافِ۔ زَارَنَا یَوْمًا شَیْخٌ جَلِیْلٌ فَاسْتَقْبَلْتُہٗ بِالْاِکْرَامِ وَوَقَفْتُ بِحَضْرَتِہٖ اِحْتِرَامًا۔

تمرین ۱۸۲ - چند جملے بناؤ جن مین الفاظ ذیل مفعول لہ بنکر منصوب ہون۔

طَمَعًا بِتَحْصِیْلِ الْعِلْمِ　　شَفَقَۃً　　تَوَصُّلًا اِلَی التَّقَدُّمِ
کَسَلًا　　عَمْدًا　　هَرَبًا مِنَ الْحَرِّ

تمرین ۱۸۳ - پھر دس جملے بناؤ جن مین کلمات ذیل ظرف بنکر منصوب ہون۔

یَمِیْنًا　　شِمَالًا　　نَهَارًا　　لَیْلًا　　لَحْظَۃً
سَحَرًا　　دَقِیْقَۃً　　غُرُوْبًا　　سَنَتَیْنِ　　قَبْلَ

چوتیسوان سبق

مفعول معہ اور مستثنیٰ بالاّ مین

مفعول معہ کیا ہے؟

۱۸۴ - جس کی معیت مین فعل واقع ہو اُس پر جو اسم دلالت کرے

و۔ مفعول معہ[1] ہے سِرْ وَالشَّارِعَ الْجَدِيْدَ۔
یعنے اپنی سیر کو نئی سڑک کی ساتھی کر اُس سے الگ مت ہو۔ مفعول معہ کے پہلے ایک واو بمعنی مع ہوتا ہے۔
مستثنیٰ بالّا کیا ہے؟
۸۷۔ مستثنیٰ بالّا وہ اسم ہے جو اِلّا کے بعد آوے ماقبل اِلّا کے مضمون کے خلاف میں؛ خَرَجَ التَّلَامِذَةُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ اِلَّا خَالِدًا۔
مستثنیٰ بالّا کا نصب ضروری ہے جب اِلّا کے پہلے کلام تام موجب ہو چنانچہ مثال میں گذر چکا۔
تمرین ۴۴۔ ان جملوں میں مفعولوں کی قسموں کا فرق کرو۔
يَجْتَهِدُ التَّلَامِذَةُ تَحْصِيْلًا لِلْعِلْمِ. لَا تُضَيِّعِ الْوَقْتَ مَيْلًا اِلَى الرَّاحَةِ. لَا تُقَصِّرْ فِي اقْتِنَاءِ الشَّرَفِ اتِّكَالًا عَلَى شَرَفِ الْآبَاءِ. سَافَرَ الْقَوْمُ وَالنَّهْرَ. يَطْلُعُوْنَ وَالنُّوْرَ. حَضَرَ يُوْسُفُ وَغُرُوْبَ الشَّمْسِ. أُطْلُبِ الْجَارَ قَبْلَ الدَّارِ. فَتَحَ الشَّامَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ وَابُوْ عُبَيْدَةَ. سَالَ الْمَطَرُ سَبِيْلًا. حَفِظْنَا الْكِتَابَ حِفْظًا

[1] مفعول معہ کا فعل اگر لفظاً مذکور ہو اور مفعول معہ کا عطف اپنے ماقبل پر جائز ہو تو نصب اور وہ اعراب جو بنا بر عطف ہو سکتا ہے دونوں جائز ہیں جیسا جِئْتُ اَنَا وَزَيْدٌ وَزَيْدًا اور اگر جائز نہیں تو صرف نصب جیسے جِئْتُ وَزَيْدًا یہاں عطف اس وجہ سے ناجائز ہے کہ ضمیر متصل پر عطف نہیں کر سکتے تاوقتیکہ اسکی تاکید ضمیر منفصل سے نہ کریں اور اگر فعل معنوی ہو اور عطف جائز ہو تو وہ اعراب ہوگا جو بنا بر عطف ہو سکتا ہے جیسے مَا لِزَيْدٍ وَعَمْرٍو اور اگر عطف جائز نہیں تو نصب ہوگا جیسے مَا لَكَ وَزَيْدًا ۱۲

اِصْبِرُوْا صَبْرًا فَاِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصَّابِرِیْنَ۔

تمرین ۸۵۔ چند جملے بناؤ جن مین نیچے کے کُل الفاظ مستثنیٰ بالا بنکر منصوب ہون یون۔ لکل داءٍ دواءٌ الا المنیۃَ الخ

اَلْمَنِیَّۃَ ۔ الباب ۔ الخِزَانَۃَ ۔ العِنَبَ ۔ اللُّغَۃَ العربیَّۃَ ۔ المُعَلِّمَ ۔ المُتَکَبِّرِیْنَ ۔ الظَّالِمَ۔

پینتیسوان سبق

حال وتمیز

حال کسے کہتے ہین؟

۸۸ حال کہتے ہین اُس اسم کو جو فعل واقع ہوتے وقت فاعل ومفعول کی ہیأت کو بتائے۔ جاءَ القائدُ ظافرًا۔ شربتُ الماءَ صافیًا۔ ظافرًا اُس حال کو بیان کرتا ہے جس پر قائد اپنے آتے وقت تھا اور پانی پیتے وقت جس حال پر تھا اُسے صافیًا بیان کرتا ہے اس لیے دونون لفظون کو حال کہتے ہین اور حال مین نصب ضروری ہے اس کی پہچان ہے جواب کیف مین واقع ہونا۔

ماھو التمییز؟

۸۹۔ تمیز وہ اسم ہے کہ آگے کے کلمہ مبہم سے کیا مراد ہے اُسے

سلہ جاننا چاہیے کہ حال ہمیشہ نکرہ ہوتا ہے اور ذوالحال اکثر معرفہ پس اگر کبھی ذوالحال نکرہ ہو تو حال کو مقدم ہونا واجب ہے جیسے جاءنی راکبًا رجل واضح رہے کہ ہر وہ شئے جو کسی کی ہیأت بیان کرسکے اُسکو حال کہنا صحیح ہے جیسے ھٰذا البُسْرًا اطیب منہ رطبًا ۱۲ سلہ تمیز کی مختصر تعریف یون ہوسکتی ہے۔ جو اپنے ماقبل کے ابہام کو دور کرے ۱۲

بیان کرے مبہم وہ ہو جس سے بہت سے اشیا مراد ہو سکتے ہیں۔ اشتریتُ رطلًا زیتًا۔ اگر اشتریتُ رطلًا کہکے چپ ہو جاوے سامع سمجھیگا نہیں کہ تم نے کیا خریدا آیا صابون یا دودھ یا زیت یا اور کچھ۔ جب تم نے کہا زیتًا اُس کی تمییز ہو گئی۔ پس لفظ زیتًا تمییز کہلائیگا تمییز پر نصب واجب ہے۔

تمرین ۸۶۔ جمل ذیل میں حال اور تمییز کو بتاؤ۔

البُرتقالُ من الذّ الفاکھۃ الشّتویّۃِ طعمًا واطوالھا بقاءً وھو یؤکلُ فجًّا وناضجًا۔ یتَرکّبُ الیومُ من اربعٍ وعشرین ساعۃً والساعۃُ من ستّین دقیقۃً والدقیقۃُ من ستّین ثانیۃً۔ سطا اللصوصُ علی حظیرۃ المواشی فاختطفوا عشرین کأسًا من الخیلِ وفرّوا ھاربین۔ نزلوا الی السّوقِ فاشتروا خمسین ذراعًا جوخًا جیدًا وعادوا مسرعین۔ یلتذّ الانسانُ بمعاشرۃ امثالہ طباعًا ومعرفۃً وتراہ مغمومًا اذا قضی علیہ معاشرۃَ مَن لا یشاکلہ خُلقًا۔

تمرین ۸۷۔ بتاؤ حال ہیأت فاعل کو کہاں بیان کر رہا ہے اور ہیأت مفعول کو کہاں؟

ماتَ الحُسینُ شہیدًا۔ خُلِقَ الانسانُ ضعیفًا۔ لم یحجّ خلیفۃٌ ماشیًا الا ھرونُ الرشید۔ دخل العدوُّ المدینۃَ متنکرًا۔ العجزۃ یجدّفون قیامًا فی وسط المرکب۔ ان لم تُقِم عندنا ممتنًّا اقمتَ مضطرًّا۔ یدخلون المعابدَ ساجدین۔ اکلوا الثمار ناضجۃً۔ لاتتناولوا الطعام سخینًا۔

تمرین ۸۸۔ چند جملے بناؤ جن میں الفاظ ذیل حال بنکر منصوب ہوں۔

مُسْرِعِیْنَ ذَاهِبَاتٍ مَغْمُوْمِیْنَ مُنْتَصِرًا

عَائِدًا ذَابِحًا مُتَنَعِّمًا سَائِلًا

تمرین ۹۵۔ نیچے کے لفظوں کو چھوٹے جملوں میں لاؤ جو تمیز بنکر منصوب ہوں۔

قَمْحًا ذِرَاعًا مَدِیْنَةً مَنْظَرًا مَاءً

سُرُوْرًا فِضَّةً مَرْتَبَةً جَسَارَةً خَوْفًا

چھتیسواں سبق

منادی

منادی کیا ہے؟

۹۰۔ حرف ندا کے بعد جو اسم آتا ہے اُسے منادی کہتے ہیں وہ دو قسموں پر ہے منصوب اور مبنی۔

منادی پر نصب کب ہوتا ہے؟

۹۱۔ منادی جب مضاف یا نکرہ غیر معین ہو منصوب ہوتا ہے یَا عَبْدَ اللّٰهِ، یَا غَافِلًا تَنَبَّهْ۔[1]

منادی کب مبنی ہوتا ہے؟

۹۲۔ منادی جب علم یا نکرہ معین ہوتا ہے علامت رفع پر مبنی ہوتا ہے۔[2]

---

[1] اور جب مشابہ مضاف ہو تو بھی نصب ہوتا ہے جیسے یا طالعًا جبلًا مشابہ مضاف کا مطلب یہ ہے کہ دو لفظوں کا اسطرح پر ہونا کہ ایک بدون دوسرے کے تمام نہ ہو جیسے مضاف بدون مضاف الیہ کے تمام نہیں ہوتا مثلاً یا طالعًا جبلًا کہ طالع بدون محل طلوع کے بتلائے ناتمام رہتا ہے ۱۲

[2] اگر یوں کہتا تو عبارت زیادہ مختصر اور شامل ہوتی۔ منادی جب مفرد معرفہ ہو تو مبنی ہوتا ہے رفع پر کیونکہ مفرد معرفہ علاوہ عَلَم اور نکرہ معین کے اسم اشارہ اور اسم موصول کو مثلاً یا هذا اور یا الذی تجی غم کو بھی شامل ہے۔

یَاخَالِدُ ۔ یَارَجُلُ ۔ یَاخَالِدَانِ ۔ یَامُؤْمِنُوْنَ۔

تمرین ۹۰۔ الفاظ ذیل کے پہلے حروف ندا لاؤ اور پیچھے مناسب حرکت:۔

عبد الخالق　رجل　یوسف　زین المجالس
اخوان　حسود　ضیوف　ضیوف الامیر
قاھر الابطال　رجل خذ بیدی　تلمیذان　تلامیذ

تمرین ۹۱۔ بارہ مثالیں ذکر کرو تین علم کی تین نکرۂ معین کی تین مضاف کی تین نکرۂ غیر معین کی۔

سینتیسواں سبق

خبر کان اور اسم انّ میں

کَانَ [1] اور اِنَّ کے بعد کیا آتا ہے۔

۹۳۔ کَانَ کے بعد دو اسم آتے ہیں۔ پہلا مرفوع ہوتا ہے اور وہ اسمِ کان کہلاتا ہے اور دوسرا منصوب اور وہ خبرِ کَانَ کہلاتا ہے جیسا: کان الجو صاحیًا۔

اور اِنَّ کے بعد بھی دو اسم ہوتے ہیں پہلا منصوب ہوتا ہے اور وہ اسم اِنَّ کہلاتا ہے اور دوسرا مرفوع اور وہ خبرِ اِنَّ کہلاتا ہے جیسا:۔ اِنَّ اللّٰہَ رَحِیْمٌ

(اور یہ سب مرفوعات کے باب میں گذر چکے ان تمرینات کے ساتھ ان کو دیکھو)

---

[1] شعر۔ اِنَّ بااَنَّ کَاَنَّ لَیْتَ لٰکِنَّ لَعَلَّ + ناصب اسمند و رافع در خبر ضد ملولا + نوع عاشر سیزدہ فعلند کایشان ناقصند + رافع اسمند و ناصب اند خبر چون مادلا + کَانَ صَارَ اَصْبَحَ اَمْسٰی وَاَضْحٰی ظَلَّ بَاتَ + مَافَتِیَٔ مَادَامَ مَاانْفَكَّ لَیْسَ باشد از قفا + مَابَرِحَ مَازَالَ وافعالی کزینہا مشتق اند + ہر کجا بینی ہمین حکم است در جملہ روا ۱۲

تمرین ۹۲- ان جملوں میں منصوبات کی قسموں میں فرق کرو۔

ینقص کل شئ بالانفاق الا العلم۔ عند الامتحان یکرم المرء او یہان۔ من اجتہد صغیرًا ساد کبیرًا۔ مثقال ذہبًا ارفع قیمۃً من رطل نحاسًا۔ وقف الشاب بحضرۃ الشیخ تادّبًا۔ یقوم المتعبّدون للصلوۃ لیلًا۔ لا یعیش الانسان رغدًا الا اذا اصبح العلم بین اہل وطنہ ارفع الاشیاء واعزّہا مطلوبًا۔ فیا طالب الشرف احبب وطنک حبًّا غایۃً بحقّہ فان حب الوطن من الایمان

مواضع جر الاسم

مواضع جر اسم

اڑتیسواں سبق

حروف جر اور اضافت

اسم کی علامت جر کیا ہے؟

۹۴- اسم کے جر کی علامت کسرہ ہے اور مثنیٰ اور جمع سالم مذکر اور اسماے پنجگانہ میں بجاے کسرہ یا۔

اسم کتنی جگہ مجرور واقع ہوتا ہے؟

۹۵- دو جگہ اسم مجرور ہوتا ہے (۱) حروف جر میں سے کسی حرف کے بعد جب آوے (۲) جب مضاف الیہ ہو۔

حروف جر کتنے ہیں؟

۹۶ - حُرُوفُ الجرهی: مِنْ ۔ إِلیٰ ۔ عَنْ ۔ عَلیٰ۔

(حروف جریہ ہیں)

فی ۔ رُبّ ۔ الباء ۔ الکاف ۔ اللام ۔ واو القسم

بے کاف لام واو قسم

تاء القسم جلیا ۔ ذَهَبْتُ مِنَ الْبَیْتِ اِلَی الْمَدِیْنَةِ ... الخ

تائے قسم۔

مضاف الیہ کیا ہے؟

۹۷ - مضاف الیہ وہ اسم ہو کہ اُسکے پہلے کا اسم جو مضاف کہلاتا ہے اُسکی طرف منسوب ہو۔ خَادِمُ الْاَمِیْرِ۔

اگر کہو حضرت خَادِمٌ معلوم نہیں ہوگا کہ تم کیا مراد لیتے ہو آیا امیر کا نوکر یا دوسرے کسی آدمی کا نوکر جب کہا حضرت خَادِمُ الْاَمِیْرِ مطلب معلوم ہوگیا کیونکہ خادم امیر کی طرف منسوب ہو کر معین ہوگیا پس لفظ خادم مضاف کہلائیگا اور لفظ امیر مضاف الیہ۔

مضاف میں تنوین گر جاتی ہے اور جب وہ مثنیٰ اور جمع سالم مذکر ہو تو نون نہیں رہتا ہے۔

تمرین - سبق ۹ - مجرور بحرف اور مجرور باضافت کو بتاؤ۔

من کان نفحۃ فی مضی تلک لم یحل فی حال عن عدا وتک

۱؎ حروف جر کل سترہ ہیں جن میں سے گیارہ کو مصنف نے بیان کیا ہے باقی چھ یہ ہیں - مُنْذُ ۔ مُذْ ۔ خَلَا ۔ حَاشَا ۔ عَدَا ۔ حَتّٰی ۔ کل حروف جارہ کو ایک شعر میں کسی نے نظم کیا ہے شعر باء وتاء وکاف ولام و واو ومنذ ومذ خلا ۔ رُبَّ حاشا من عدا فی عن علیٰ حتّٰی الیٰ۔

لاتسأل عن المرأ وسَلْ عن قرينه. الفضل للمُتقدم. الجُودُ على المحتاج. أَحْسَنُ من الدُّرِّ على التاج. تاللهِ لا يرتفعُ الباطِلُ. لِسانُ الحال افصح من لسان المقال. بالادَبِ نوالُ الادَبِ

تمرین ۹۷۔ دس جملے بناؤ جن کے ہر ایک میں مجرور بحرف اور مجرور باضافت ہو۔

اُنتالیسواں سبق

اسم معرب پر حرکتوں کا مقدر رہنا

۹۸۔ جن اسماے معرب میں حرکات مقدر رہتی ہیں تین قسموں کے ہیں۔

پہلا وہ اسم کہ یاے متکلم کی طرف مضاف ہو جیسا: ان مذهبی اکرامی نسبتی۔

دوسرا اسم مقصور جیسا: اِنَّ الهُدیٰ هُدَی اللهِ۔

تیسرا[۱] اسم منقوص اس میں ضمہ اور کسرہ مقدر رہتے ہیں جیسا:۔ حُکْمُ القاضی علی الجانی۔

نو جملے بناؤ جن کے تین میں لفظ قاضی مرفوع منصوب مجرور ہوا اور تین میں کلمہ تقویٰ اور تین میں لفظ سیّدی۔

---

[۱] بشرطیکہ اُس پر الف لام داخل ہو جیسے جاء القاضی ورنہ اُس میں تعلیل ہو جاویگی جیسے جاءَ قَاضٍ کہ قاضیٌ میں ضمہ یٰ پر ثقیل تھا حذف کر دیا گیا یٰ اور نون تنوین دو ساکن جمع آئے یٰ گر گئی قاضٍ رہ گیا ۱۲

چالیسواں سبق

اعراب دو قسم پر ہے اصلی اور تبعی اصلی وہ ہے کہ کلمہ رفع یا نصب یا جر یا جزم کے محل میں جس کا بیان اوپر گذرا واقع ہو کر مرفوع یا منصوب یا مجرور یا مجزوم ہو تبعی وہ کہ اصلی اعراب والے کلمہ کے بعد آنے کے سبب سے اسکا تابع ہو کر کلمہ مرفوع یا منصوب یا مجرور یا مجزوم ہو بجز اس کے دوسرا کوئی سبب نہو اس لیے یہ پچھلا کلمہ جس پر اعراب تبعی ہوتا ہے تابع کہلاتا ہے۔ توابع چار ہیں نعت۔ عطف۔ تاکید۔ بدل۔

نعت اور عطف

نعت کیا ہے؟

۹۹۔ نعت ایک لفظ ہے جو اپنے ماقبل کی کسی صفت پر دلالت کرتا ہے جیسا: هٰذا الكتابُ مُفِيدٌ دَرَسْتُ كِتَابًا مُفِيدًا . قرأتُ في كتابٍ مُفِيدٍ۔

یہاں کلمہ مفید نعت کہلائیگا اور لفظ کتاب کا تابع بنکر جو مرفوع اور منصوب اور مجرور ہے وہ بھی مرفوع و منصوب و مجرور ہوا۔ نعت[۱] کی شرط ہے

---

[۱] اگر نعت منعوت کی صفت پر دلالت کرے تو آٹھ باتوں میں نعت و منعوت میں مطابقت ہونا چاہیے۔ اعراب[۱]۔ وحدت[۲]۔ تثنیہ[۳]۔ جمع[۴]۔ تذکیر۔ تانیث[۵]۔ تعریف[۶]۔ تنکیر[۸] اور اگر متعلق منعوت کی کسی صفت پر دلالت کرے تو تین چیزوں میں مطابقت ہونا چاہیے اعراب[۱]۔ تعریف[۲]۔ تنکیر۔

کہ اپنے منعوت کا موافق ہو تعریف تنکیر تذکیر تانیث افراد تثنیہ جمع میں۔

عطف کیا ہے؟

۱۰۰۔ عطف ایک تابع ہے کہ اُسکے اور اُسکے متبوع کے بیچ میں حروف عطف میں سے کوئی حرف ہو حروف عطف: واو۔ فا۔ ثم۔ او۔ ام۔ لکن۔ لا۔ بل ہیں جیسا اِنْکَسَرَ الْقَلَمُ وَالدَّوَاۃُ۔ کَسَرْتُ الْقَلَمَ وَالدَّوَاۃَ۔ عَجِبْتُ مِن کَسْرِ الْقَلَمِ وَالدَّوَاۃِ۔

لفظ دوات ان مثالوں میں لفظ قلم کے اتباع سے مرفوع اور منصوب اور مجرور ہوا۔

تمرین ۔ ۹۶ ۔ نعت بتاؤ اور اُسکے آخر میں جو حرکت ہونی چاہیے دو۔

اِنَّ التلمیذ الممدوح ہو من یقوم بواجباتہ ۔ اکل الاثمار الفجۃ مُضِرٌّ۔ قضینا الصَّیْفَ فی قریۃٍ طیّبۃ الھواء بعیدۃ عن المدن ۔ العقل السلیم فی الجسم السلیم ۔ خلینا فی السفر بمرافقۃ شاب ظریف فقطعنا المسافۃ الطویلۃ ولم نشعُرْ بالتعب لکثرۃ ما کان یقصُّ علینا من الاخبار المستظرفۃ ۔

تمرین ۔ ۹۷ ۔ عبارات ذیل کے نعت و منعوت اور عاطف و معطوف کو بتاؤ اُس شکل میں جو ہونی چاہیے۔

لـہ عطف کی دو قسمیں ہیں عطف نسق ۔ اسکی تعریف وہی ہے جو مصنف نے عطف کی تعریف کی ہے عطف بیان ۔ وہ تابع ہے جو اپنے متبوع کو واضح کردے نہ صفت سے جیسے اقسم باللہ ابو حفصٍ عمر + کہ حضرت عمر کی کنیت ابو حفص مشہور نہیں ہے اس بات کو واضح کرنے کے لیے عمر کو عطف بیان لایا ہے ۱۲ ۔ ۲ لـہ حروف عطف دس ہیں جنمیں سے آٹھ مصنف نے بیان کیے ہیں باقی دو یہ ہیں حتّٰی اِمّا ۱۲

الخادم الامین یقضی فروضہ بلا ضجر ولا ملل۔ ان الثوب الرقیق الابیض ھو اوفق الملابس المستعملۃ فی ایام الصیف تنقسم الکلمۃ الی فعل او اسم او حرف۔ تکون الکلمۃ فعلا او اسما او حرفا۔ الکلمۃ فعل او اسم او حرف۔ تعجبت من تہاونک المستطیل فی دروسک النحویۃ مع ان الدروس المذکورۃ لازمۃ للکتابۃ بلا غلط۔

اکتالیسواں سبق

تاکید اور بدل میں

تاکید کیا ہے۔؟

۱۰ تاکید وہ تابع ہے جس سے غیر اصلی معنی کا احتمال اٹھ جائے اسکے[۱] چند معین لفظ ہیں جنمیں سے لفظ عین ہے اور کل اور جمیع:۔

زارنی الامیرُ نفسُہٗ او عینُہٗ۔ جاء الجیشُ کلُّہٗ او جمیعُہٗ۔

یہاں لفظ نفس اور عین الامیر کی تاکید ہوئے سامع کو ممکن تھا وہم ہوتا کہ زائر امیر کا نوکر یا اسکا فرستادہ ہے ان دونوں لفظوں کے ذکر سے وہ احتمال جاتا رہا۔ ایسا ہی کلہ اور جمیعہ الجیش کی تاکید میں سامع کو یہ وہم ہونا ممکن تھا کہ فوج کے اکثر آئے سب نہیں لیکن ان دونوں کے ذکر سے وہ وہم جاتا رہا۔

بدل کیا ہے؟

---

[۱] تاکید کی دو قسمیں ہیں معنوی جسکی تاکید ان آٹھ لفظوں سے ہو جنمیں سے تین کو مصنف نے بیان کیا ہو باقی پانچ یہ ہیں۔ نفس۔ کلا یا کلتا۔ اکتع۔ ابتع۔ ابصع۔ لفظی جسمیں لفظ متبوع کی تاکید ہو جیسے جاء زیدٌ زیدٌ ۱۲

۱۰۲- بدلؔ وہ تابع ہے جو عین متبوع ہے یا جزو متبوع۔

اخوك ابراهيم صديقنا. قرأت الكتاب نصفه۔

یہاں ابراہیم اخوک کا بدل کل ہو کیونکہ وہ عین الاخ ہے اور لفظ نصف کتاب کا بدل بعض کیونکہ وہ اُسکا جز ہے۔

تمرین-۹۸- جمل ذیل کی حرکات کو اُنکے مؤکد و تاکید کے تعین کے ساتھ بتاؤ۔

زارنا الامير عينه. رأيت الامير نفسه. تكلمت مع الامير نفسه. حضر الاميران انفسهما. احبابه اعينهم يلومونه الحروف كلها مبنية. انصب المفاعيل جميعها۔

تمرین ۹۹- بدل کُل اور بدل جُز کے اندر فرق کرو۔

مات رأس الحواريين بطرس مصلوبًا. كان موت رأس الحواريين بطرس صلبًا. مزقت الثوب كُمّيه. ان الخليفة هرون الرشيد كان يكرم العلماء. كسفت الشمس ربعها. بنينا البيت اساسه

بیالیسواں سبق

اعراب مبنی

هل يتغير اخر الكلمة المبنية لدى دخولها في الجملة؟

۱؎ بدل وہ تابع ہو جو متبوع کی جانب فعل کی نسبت کرنے سے مقصود ہو۔ اسکی چار قسمیں ہیں بدل الکل وہ بدل ہو جو عین مبدل منہ ہو جیسے جاءنی ابراهيم اخوك بدل البعض وہ بدل ہے جو جزو مبدل منہ ہو جیسے رأيت الدار نصفه بدل الاشتمال وہ بدل ہو جو مبدل منہ کے متعلق ہو جیسے سُلِبَ زيدٌ ثوبه بدل الغلط۔ غلط لفظ بولنے کے بعد پھر صحیح لفظ یاد آجاے اور اسکو استعمال کریں جیسے مررت بحمار جمل۔ مصنف کی تعریف صرف پہلی ۲ قسموں کو شامل ہے ۱۲

کلمۂ مبنی جب جملہ مین آتا ہے کیا اُسکا آخر متغیر ہوتا ہے؟

۱۰۳- لفظ مبنی جب رفع یا نصب یا جر یا جزم کی جگھون مین سے کسی جگہ آتا ہے اپنے حال پر باقی رہتا ہے لیکن یون کہا جاتا ہے کہ وہ موضع رفع مین ہے مثلاً یا محل نصب یا جر یا جزم مین جیسا مقام مقتضی ہو۔

مثال اسکی یہ ہو مَنْ کَسِلَ افْتَقَرَ ۔ فَہِمْتُ الدَّرْسَ

پہلی مثال مین کسل فعل شرط ہے اور افتقر اُس کا جواب ہے۔ چونکہ وہ دونون مبنی بفتح ہین بولنے مین اپنے حال پر رہین گے مگر کہا جائیگا کہ دونون محل جزم مین ہین دوسری مثال مین تُ فہمت کی فاعل ہو اور وہ چونکہ مبنی بضم ہے لفظاً متغیر نہین ہوگی۔ لیکن کہا جائیگا کہ محل رفع مین ہے باقی غیر مذکور کو اُسی قدر مذکور پر قیاس کرو۔

الکلام علی الحرف

حرف پر بحث

کیا عربی زبان مین حرف بہت ہین؟

۱۰۴- حروف زبان عربی مین کم ہین اسّی[۱] سے زیادہ نہین اور سب مبنی ہین اُن مین سے حروف جر اور حروف عطف وغیرہ کا بیان گذر چکا۔

---

[۱] حروف کل ۸۰ سے زیادہ ہین یعنے ۹۱ ہین ۱۲

امثلۃ علی الاعراب

اعراب پر مثالیں

فارق الرجل اوطانہ (فارق) فعل ماضی صحیح الآخر ہے۔ متعدی معروف۔ مبنی بفتح ظاہر۔ (الرجل) اسم مفرد مذکر معین بال ہے۔ فارق کا فاعل اور مرفوع ہے بضمہ ظاہر اوطان اسم جمع مکسر ہے مفرد اسکا وطن ہے جو مذکر ہے ضمیر کی طرف مضاف ہوکر معرف ہوا اور وہ فارق کا مفعول بہ ہے منصوب بفتحہ ظاہر (ہا) مذکر غائب کی ضمیر متصل ہے مبنی بضم مگر مضاف الیہ ہونے کے سبب سے محل جر میں ہے۔

فاز المجتہدون علی اخیک الجاہل (فاز) فعل ماضی صحیح الآخر لازم ہے مبنی بفتح ظاہر (المجتہدون) اسم جمع سالم مذکر ہے مفرد اسکا مجتہد ہے۔ اور معرف بال ہے وہ فاز کا فاعل ہے مرفوع بواؤ (علی) حرف جر ہے مبنی بسکون (اخ) اسم مفرد مذکر ہے معرف بہ اضافت اور مجرور بہ علی اسکی علامت جر یا ہے کیونکہ وہ اسماے پنجگانہ میں سے ہے (کاف) مذکر حاضر کی ضمیر متصل ہے۔ مبنی بفتح اخ کا مضاف الیہ ہونے کے سبب سے محل جر میں ہے (الجاہل) اسم فاعل مفرد مذکر معرف بہ ال ہے۔ اور اخ کی نعت ہے مجرور بکسرۂ ظاہر۔

ہدایت

طلباء کو چاہیے کہ جتنے جملے کتاب میں آئیں اُن کی ترکیبیں کہتے جائیں۔ ترکیب اسطرح پر کہنا چاہیے۔

(۱) فارق الرجل اوطانہ

فارق	فعل		
الرجل	فاعل		
اوطان	مضاف	مفعول	جملہ فعلیہ
ہ	مضاف الیہ		

(۳) زیدٌ ضرب غلام ابیہ

زید					مبتدا
ضرب			فعل		
ھو			فاعل		
غلام		مضاف			
ابی	مضاف	مضاف الیہ	مفعول	خبر	جملہ اسمیہ
ہ	مضاف الیہ				

(۲) فاز المجتہدون علی اخیک الجاہل

فاز	فعل				
المجتہدون	فاعل				
علی	جار				
اخی	مضاف	موصوف	مجرور	متعلق فعل	جملہ فعلیہ
ک	مضاف الیہ				
الجاہل	صفت				

فہرست مبادی العربیہ للسنۃ الأولیٰ

مضمون — صفحہ

بحث فعل

مضمون	صفحہ

بحث حرف